## وہ پھر سے ایک ہوگئے!

کئی سالوں تک، ومل نے پاک سبت کے دن خالق خدا کی عبادت جاری رکھی۔ رفتہ، رفتہ سیما نے اپنے شوہر میں تبدیلی دیکھی۔ اس نے اسے پھر کبھی نہیں مارا تھا۔ اس کے بجائے وہ نرم مزاج اور مہربان تھا۔

لیکن سیما اب تک بہت تھکی ہوئی اور اداس نظرآتی تھی۔ اس نے دیکھا کہ ومل خداوند یسوع مسیح کی کتاب پڑھنے اور ہفتہ کے دن عبادت سے گھر واپس آنے کے بعد ہمیشہ بہت پرسکون نظر آتا تھا۔ آخر کار، جب ومل نے اپنی بیوی سے پوچھا کہ کیا وہ اس کے ساتھ جانا چاہتی ہے، تو وہ مان گئی۔

ومل کا کہنا ہے"سبت کا دن ہمارے خاندان کے لیے ایک خاص پاک دن ہے"۔ "یہ وہ دن ہے جب خدا ہمیں اپنے ساتھ جڑنے کی دعوت دیتا ہے۔ جب ہم اس کے ساتھ اس طرح جڑتے ہیں، تو وہ معجزات کرتا ہے۔ میں اپنی بیوی کو جانتا ہوں اور آج میری خوشگوار ازدواجی زندگی ہے کیونکہ میں نے ہر روز خالق خداوند کی عبادت کرنا سیکھا ہے اور خاص طور پر پاک سبت کے دن۔ پاک سبت کی برکات ہمیں خدا اور ایک دوسرے کے قریب لاتی ہیں۔"

آج، ومل اور سیما خوشحال ازدواجی زندگی میں اپنے دوبیٹوں کے ساتھ رہ رہے ہیں۔ وہ اپنےَ تمام پڑوسیوں کوپاک سبت کے دن کی برکات کے بارے میں بتاتے ہیں۔

اگر آپ سبت کے دن کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں یا پاک بائبل حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو براہ مہربانی اس کاغذ کی پشت پر دی گئی معلومات پر ہم سے رابطہ کریں۔

---

1۔ 1 کرنتھیوں 16:3 کیا تُم نہیں جانتے کہ تُم خُدا کامقدِس ہواور خُدا کا رُوح تُم میں بسا ہوا ہے۔

.Copyright © 2023 by Sharing Hope Publications

اِس موادکو غیرتجارتی مقاصد کے ساتھ بغیراجازت پرنٹ اور شیئر کیا جا سکتا ہے۔

حوالہ جات اردوبائبل کے ترمیم شدہ ترجمہ سے لیا گیا ہے۔ حق اشاعت © 2012 پاکستان بائبل سوسائٹی کی اجازت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔



# معجزات کا دن

## مزید مطالعہ کے لئے







مزید جاننے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔

ومل نے اپنا آٹو رکشہ سڑک کے کنارے کھڑا کیا۔ اگرچہ دن بھر اس کے بہت سے گاہک ہوتے، لیکن وہ خوش نہیں تھا۔ وہ اپنی شادی کے بارے میں سوچنا نہیں چھوڑ سکتا تھا۔ یہ ٹوٹ رہی تھی!

وہ اپنی بیوی سیما سے پیار کرتا تھا — لیکن وہ ہر چند دنوں میں اسے مارنے سے خود کو نہیں روک سکتا تھا۔ وہ اُسے اتنا غصہ دلاتی۔ وہ یہ نہیں کرنا چاہتا تھا، لیکن یہ اُس سے سرزد ہو جاتا۔

مذہبی رسومات کے دوران، سیما روحوں کے قبضے میں آجاتی اور بے دریغ رقص کرتی، اپنے جسم پر قابو کھو دیتی، اور اپنے کپڑے پھاڑ دیتی تھی۔ ومل کو یہ پسند نہیں تھا کہ وہ خود پر قابو کھو دے۔ اس نے اس سے کہا کہ وہ مذہبی رسومات میں جانا بند کردے، لیکن اس نے ایک نہ سنی۔ وہ پھٹے کپڑوں میں گھر پہنچ جاتی اور جانوروں کی قربانیوں کا خُون اَس کے چہرے پر لگا ہوتا، اور ومل ناراض ہو کر اسے پیٹنا شروع کردیتا۔

سیما دو بار حاملہ ہوئی لیکن اس کی جنونی رسومات کی وجہ سے اسقاط حمل ہو گیا۔ وہ اور زیادہ ضدی ہوتی گئی اور ومل ناراض، افسردہ اور شرمندہ ہو گیا۔

## ایک بہتر طریقہ

جیسے ہی ومل اپنے آٹو رکشا میں بیٹھا، اس نے شدت سے بہترطریقہ کی خواہش کی۔ اچانک اسے سڑک کے قریب ایک عمارت کے اندر سے آوازیں سنائی دیں۔ اندر بچے بھی تھے اور بڑے بھی اورایک آدمی کہانی سنا رہا تھا اور سب لوگ سن رہے تھے۔

کہانی کار نے ایک ایسے شخص کے بارے میں بات کی جو اپنی مشکلات سے جان چھڑا رہا تھا۔ اس نے اپنے جڑواں بھائی کو دھوکہ دیا تھا اور اسے اتنی بری طرح سے چوٹ پہنچائی کہ اسے اپنی جان کی فکرپڑ گئی۔ جیسے ہی وہ وہاں سےبھاگا، وہ بیابان میں سونے کے لیے رک گیا۔ اس کے پاس پتھر کے تکیہ کے علاوہ پر سکون نیند کے لیے اور کچھ نہیں تھا۔ اپنے خاندان کو چھوڑنے کے لئے جو اس نے کیا تھا اس کے لئے اُسے تنہائی اور افسوس کا احساس ہوا۔

ومل نے بڑےغور سے سنا۔ وہ جانتا تھا کہ اس آدمی نے کیسا محسوس کیا ہوگا۔

کہانی کار کہانی سناتا رہا۔ جب وہ آدمی سوگیا تو اس نے ایک خواب دیکھا۔ اس نے دیکھا کہ ایک سیڑھی آسمان تک پہنچ رہی ہے۔ فرشتوں کا سیڑھی سےاوپر چڑھنا اور نیچےاترنا، گویا اس اداس، ٹوٹے ہوئے آدمی کے لیے برکتیں نازل کرنا تھا۔ جب وہ جاگا تو اسے خوشی محسوس ہوئی۔ اس نے اپنے خدا کے لیے اس پتھرسے ایک یادگار بنائی جسے اس نے تکیے کے طور پر استعمال کیا تھا۔ سیڑھی کے نظارے نے اسے ایک بارپھرخدا سے منسلک محسوس کیا اوروہ جانتا تھا کہ سب کچھ ٹھیک ہونے والا ہے۔

**"جب ہم سبت کے دن عبادت کرتے ہیں تو ہم اپنے خالق خدا سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں اور اس کی برکتیں حاصل کرتے ہیں۔"**

## ایک نئی کتاب

جب لوگ چلے گئے، ومل شرماتے ہوئے عمارت میں داخل ہوا۔

"سبت مبارک ہو"، کہانی سنانےوالے نے اسے سلام کیا۔

"سبت کیا ہے؟" ومل نے تجسس سے پوچھا۔

"ہم خالق خدا کی عبادت کرتے ہیں"، کہانی سنانے والے نے جواب دیا۔ "اوروہ ہم سے ہفتے کے ساتویں دن سبت کے روزعبادت کرنےکا تقاضا کرتا ہے، کیونکہ اس نے دنیا کو چھ دنوں میں تخلیق کیا۔ جس طرح انسان کے خواب میں سیڑھی آسمان اورزمین کوجوڑتی ہے، اسی طرح سبت ایک ہفتہ وار پاک دن ہے جو ہمیں خدا سے جوڑتا ہے۔ جب ہم سبت کے دن عبادت کرتے ہیں تو ہم اپنے خالق خدا سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں اور اس کی برکتیں حاصل کرتے ہیں۔"

ومل جڑواں بھائیوں کی کہانی سن کربہت متاثر ہوا۔ "آپ کو وہ کہانی کہاں سے ملی ہے؟"

"یہ پاک بائبل سے ہے، خداوند یسوع مسیح کی کتاب"

کہانی سنانے والے نے شیلف سے بائبل نکالی اور ومل کو دی۔ "آپ یہاں اس کتاب سے کہانی پڑھ سکتے ہیں۔"

ومل نے اسَ شخص کا شکریہ ادا کیا اور اپنی نئی کتاب لے کر گھر چلا گیا۔ اسے پڑھتے ہی سکون محسوس ہوا اور وہ اگلے ہفتے کے روز کو واپس آیا۔ جب وہ خاموشی سے بیٹھا اور خالق خدا سے اُس کے پاک دن پر دعا کرتا رہا تو اس کے دل میں ایک حیرت انگیز بات ہونے لگی۔

## ایک بدلا ہوا آدمی

ایک دن، جب ومل نے اپنی نئی کتاب پڑھی تو اسے ایک آیت ملی جس میں کہا گیا تھا، "کیا تم نہیں جانتے کہ تم خدا کا مقدس ہو اور خدا کا روح تم میں بسا ہوا ہے؟" (بائبل، ۱ کرنتھیوں ۳:۱۶)۔ اس کے دماغ میں اچانک روشنی چمکی۔ چونکہ جسم خدا کا مقدس ہے، اس نے سوچا، کسی کو حق نہیں ہے کہ َوہ اسے نقصان پہنچائے۔ مجھے اپنی بیوی کو مزید نہیں مارنا چاہیے۔

اس نے پہلے بھی کئی بارخود کو روکنے کی کوشش کی تھی لیکن اس بار یہ واقعی کار گر ثابت ہوا۔ وہ جانتا تھا کہ پاک بائبل پڑھنے اور سبت کے دن پوجا کرنے نے اسے خالق خدا سے جوڑ دیا تھا جس نے اس کے دل کو بدلنے میں مدد کی۔ یوں محسوس ہوا جیسے کسی الٰہی ہاتھ نے پتھریلے دل کو اس کے سینے سے نکال کر اس کی جگہ رحیم دل ڈال دیا ہو۔